صرف احمدی احباب کی تعلیم وتربیت کے لئے

جمعرات 16 جولائی 2015ء

روزنامہ

1913ء سے جاری شدہ

FR-10

الفضل

The ALFAZL Daily

ٹیلی فون نمبر 047-6213029

ایڈیٹر: عبدالسمیع خان

web: http://www.alfazl.org
email: editor@alfazl.org

جمعرات 16 جولائی 2015ء 28 رمضان 1436 ہجری 16 وفا 1394 ہش جلد 65-100 نمبر 163

آمین پر شکر

خدایا اے میرے پیارے خدایا
یہ کیسے ہیں ترے مجھ پر عطایا

کہ تو نے پھر مجھے یہ دن دکھایا
کہ بیٹا دوسرا بھی پڑھ کے آیا

بشیر احمد جسے تو نے پڑھایا
شفا دی آنکھ کو بینا بنایا

(درثمین)

اخلاق عالیہ حضرت رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم

رمضان اور قرآن: حضرت ابن عباسؓ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ سب لوگوں سے زیادہ سخی تھے اور سب سے زیادہ سخی آپؐ رمضان میں ہوتے جب جبریل آپؐ سے ملتے اور جبریل آپؐ سے رمضان کی ہر رات میں ملاقات کرتے اور آپؐ کے ساتھ قرآن کا دور کرتے۔ تو رسول اللہ ﷺ بے روک وٹوک آندھی سے بھی زیادہ سخی ہوتے۔

(بخاری کتاب بدء الوحی کیف کان بدء الوحی الی رسول اللہ ﷺ حدیث:6)

تلاوت کا طریق: حضرت قتادہؓ بیان کرتے ہیں کہ میں نے حضرت انس بن مالکؓ سے پوچھا کہ حضرت نبی کریم ﷺ قرآن کریم کی تلاوت کس طرح کیا کرتے تھے؟ تو انہوں نے بتایا کہ آپ ﷺ مد کو لمبا کر کے (ٹھہر ٹھہر کر) تلاوت کیا کرتے تھے۔

(بخاری، کتاب فضائل القرآن، باب مد القراءۃ روایت نمبر :4658)

قراءت مفسرہ: حضرت یعلیٰ بن مملک رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں کہ میں نے ام المومنین حضرت ام سلمہ رضی اللہ عنہا سے دریافت کیا کہ آنخضور ﷺ قرآن کریم کی تلاوت کا کیا طریق تھا؟ تو انہوں نے بتایا کہ آنخضور ﷺ کی قراءت ''قراءت مفسرہ'' ہوتی تھی یعنی جب آپ ﷺ تلاوت کیا کرتے تھے تو سننے والے کو ایک ایک حرف کی الگ الگ سمجھ آ رہی ہوتی تھی۔

(ترمذی ابواب فضائل القرآن، باب ماجاء کیف قراءۃ النبی ﷺ حدیث نمبر 2847)

بلندی پاتے جاؤ: حضرت ابوسعید خدری بیان کرتے ہے کہ حضرت نبی کریم ﷺ نے فرمایا:۔

جب حافظ قرآن جنت میں داخل ہوگا تو اس سے کہا جائے گا کہ تم قرآن کریم کی تلاوت کرتے جاؤ اور بلندیٔ درجات حاصل کرتے جاؤ۔ پس وہ قرآن کریم کی تلاوت کرتا جائے گا اور درجات میں بلندی کی منازل طے کرتا جائے گا حتیٰ کہ آخری آیت کی تلاوت تک جو اسے یاد ہوگی وہ بلندیٔ درجات حاصل کرتا چلا جائے گا۔

(سنن ابن ماجہ کتاب الادب باب ثواب القرآن حدیث نمبر:2770)

تکمیل کے بعد پھر آغاز: حضرت ابن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہ بیان کرتے ہیں کہ ایک شخص نے پوچھا یا رسول اللہ ﷺ کون سا عمل اللہ کو پیارا ہے؟ آپ ﷺ نے فرمایا۔ اللہ تعالیٰ کے نزدیک نیک کاموں میں زیادہ پسندیدہ کام الحال المرتحل ہے یعنی جو شروع قرآن سے آخر تک تلاوت کرتا ہے (اور) جب بھی دور مکمل کرتا ہے پھر سے (دوبارہ) شروع کر دیتا ہے۔

(ترمذی کتاب القراءت باب القرآن انزل حدیث نمبر:2872)

حضور انور کا خطبہ عید الفطر

سیدنا حضرت خلیفۃ المسیح الخامس ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز مورخہ 19 جولائی 2015ء بروز اتوار بیت الفتوح لندن میں خطبہ عید الفطر ارشاد فرمائیں گے۔ جو پاکستانی وقت کے مطابق دوپہر 2:30 بجے ایم ٹی اے انٹرنیشنل پر لائیو نشر کیا جائے گا۔ احباب اس سے بھرپور استفادہ فرمائیں۔

خطبہ عید سے نصف گھنٹہ قبل عید سپیشل ٹرانسمیشن شروع ہوگی جو خطبہ عید کے تین گھنٹہ بعد تک جاری رہے گی۔

اعزاز

آغا خان بورڈ میٹرک کے امتحانات 2014-15ء میں مریم صدیقہ ہائیر سیکنڈری سکول کی طالبہ عزیزہ عظمیٰ درثمین بنت مکرم وسیم احمد امتیاز صاحب مربی سلسلہ نے 1100 / 1023 نمبر حاصل کر کے بورڈ میں تیسری پوزیشن حاصل کی ہے۔ موصوفہ مکرم سید عبدالرحمٰن شاہ صاحب شاہ ہومیو پیتھک کی نواسی اور مکرم امتیاز احمد طاہر صاحب کی پوتی ہے۔ اللہ تعالیٰ یہ اعزاز ان کے لئے اور تمام جماعت کے لئے بابرکت بنائے۔ آمین

(نظارت تعلیم)

عید مبارک

ادارہ الفضل کی طرف سے احباب جماعت احمدیہ عالمگیر کی خدمت میں عید مبارک ہو۔ اللہ تعالیٰ خوشیوں اور برکتوں والی ہزاروں عیدیں دیکھنی نصیب فرمائے۔ آمین

درخواست دعا

مختلف جگہوں پر بعض احمدی افراد مختلف مقدمات میں ملوث ہیں ان افراد جماعت کی باعزت بریت کیلئے درخواست دعا ہے کہ اللہ تعالیٰ ان احباب کی قربانی قبول فرمائے اور ہر قسم کے شر سے محفوظ رکھے۔ آمین

☆..................☆..................☆

پبلشر و پرنٹر : طاہر مہدی امتیاز احمد وڑائچ .... مطبع: ضیاء الاسلام پریس .... مقام اشاعت : دارالنصر غربی چناب نگر ربوہ .... قیمت 5 روپے

مشعل راہ

دعاؤں کے ذریعے روحانی ترقی حاصل کریں

سیدنا حضرت خلیفۃ المسیح الخامس ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز خطبہ جمعہ فرمودہ 29 ستمبر 2006ء میں فرماتے ہیں۔

آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم مختلف سوال کرنے والوں کو جو نیکی کے بارے میں آپؐ سے پوچھا کرتے تھے ان کے حالات کے مطابق مختلف قسم کی رہنمائی فرمایا کرتے تھے۔ مثلاً کسی کے سوال کرنے پر کہ بڑی نیکی کیا ہے؟ فرمایا جہاد کرنا ہے۔ کسی کو مالی قربانیوں کی طرف توجہ دلانے کے لئے فرمایا کہ تمہارے لئے سب سے بڑی نیکی مالی قربانی ہے۔ کسی کو جو عبادتوں میں کمزور تھا فرمایا کہ تہجد کی ادائیگی سب سے بڑی نیکی ہے۔ کسی کو، جو جہاد سے ڈرنے والے تھے فرمایا کہ جہاد کرنا سب سے بڑی نیکی ہے۔ کسی کو رشتہ داروں کے حقوق کے ادائیگی کی طرف توجہ دلاتے ہوئے فرمایا کہ یہ بہت بڑی نیکی ہے۔ پس حالات کے مطابق عمل کرنا ہی اصل میں صحیح نیکی ہے اور یہ نیکیاں ہی پھر عبادت کا رنگ بھی رکھتی ہیں۔............

پھر اللہ تعالیٰ نے اپنی بخشش اور رحم طلب کرنے کے لئے بعض دعائیں سکھائی ہیں۔ مختصر بعض دعائیں مَیں بغیر کسی تفصیل کے پڑھتا ہوں۔ فرمایا............(المومنون:119) تو کہہ اے میرے رب! بخش دے اور رحم کر اور تو رحم کرنے والوں میں سب سے بہتر ہے۔

پھر ایمان کی مضبوطی کے لئے اللہ تعالیٰ نے دعا سکھائی کہ...... (آل عمران: 17) اے ہمارے رب یقیناً ہم ایمان لے آئے پس ہمارے گناہ بخش دے اور ہمیں آگ کے عذاب سے بچا۔

پھر انجام بخیر کی اور بخشش کی دعا سکھائی، ثابت قدم رہنے کی دعا سکھائی کہ.............. (آل عمران: 194) کہ اے ہمارے رب! یقیناً ہم نے ایک منادی کرنے والے کو سنا جو ایمان کی منادی کر رہا تھا کہ اپنے رب پر ایمان لے آؤ۔ پس ہم ایمان لے آئے۔ اے ہمارے رب پس ہمارے گناہ بخش دے اور ہم سے ہماری برائیاں دور کر دے اور ہمیں نیکوں کے ساتھ موت دے۔

یہ دعا بھی جیسا کہ مَیں نے کہا ایمان میں مضبوطی حاصل کرنے کے لئے ہے۔ اللہ تعالیٰ کی بخشش حاصل کرنے اور انجام بخیر کے لئے ہے کہ اے اللہ! ہم نے جو روحانی ترقی اس زمانے کے امام کو مان کر حاصل کرنے کی کوشش کی ہے کہیں ہمارے گناہوں کی زیادتی ہماری کمزوریاں، ہماری کوتاہیاں اس میں روک نہ بن جائیں۔ اِس زمانے کے امام کو ماننے کے بعد، قبول کرنے کے بعد اپنی شامت اعمال کی وجہ سے اس روشنی سے ہم بے بہرہ نہ رہ جائیں جو اصل میں تیرے نور کی روشنی ہے جو اس آنے والے نے ہمیں دی ہے۔ پس میرے گناہ بخش اور آئندہ بھی ان گناہوں سے بچا اور اس دعویدار کے دعویٰ پر مکمل ایمان لانے والوں اور ان برکات سے حصہ پانے والوں میں مجھے شامل کرتا رہ جو اس کے ساتھ مقدر ہیں۔ اور جب میرا آخری وقت آئے تو اس صورت میں جاؤں کہ نیکوں میں میرا شمار ہو۔

پھر ایک دعا سکھائی کہ...... (آل عمران: 148) کہ اے ہمارے رب! ہمارے گناہ بخش دے اور اپنے معاملے میں ہماری زیادتی بھی۔ اور ہمارے قدموں کو ثبات بخش اور ہمیں کافر قوم کے خلاف نصرت عطا کر۔ پس اللہ تعالیٰ بہت مہربان ہے اپنے بندوں پر جو یہ دعائیں ہمیں سکھائیں۔

حضرت مسیح موعود فرماتے ہیں کہ اگر گناہ نہ بخشنے والا ہوتا تو یہ دعا نہ سکھاتا۔ پس یہ ہے ہمارا خدا جو یہ دعائیں ہمیں سکھا رہا ہے کہ ہم نیکیوں پر قائم رہیں اور گزشتہ گناہوں کی معافی مانگیں۔ پھر یہ بھی ہو کہ ہم کہیں جان بوجھ کر ان برائیوں کو دُہرانے والے نہ ہوں، ان غلطیوں میں دوبارہ پڑ جانے والے نہ ہوں۔ (روزنامہ الفضل 9 جنوری 2007ء)

ایم ٹی اے انٹرنیشنل کے پروگرام (پاکستانی وقت کے مطابق)

پروگراموں میں 20,15 منٹ کی کمی بیشی یا تبدیلی کی جاسکتی ہے

21 جولائی 2015ء

12:15 am	سیرت حضرت مسیح موعود
12:35 am	صومالیہ سروس
1:15 am	عید شو
1:35 am	راہ ہدیٰ
3:10 am	خطبہ جمعہ فرمودہ 17 جولائی 2015ء
4:20 am	تقاریر جلسہ سالانہ قادیان
4:30 am	Apples of Kashmir
5:05 am	عالمی خبریں
5:25 am	تلاوت قرآن کریم
5:40 am	درس ملفوظات
5:55 am	الترتیل
6:25 am	حضور انور سے احباب جماعت کی ملاقات
7:15 am	کڈز ٹائم
7:45 am	خطبہ جمعہ فرمودہ 17 جولائی 2015ء
8:55 am	سیرت حضرت مسیح موعود
9:20 am	اسلامی مہینوں کا تعارف
9:50 am	لقاء مع العرب
11:00 am	تلاوت قرآن کریم
11:10 am	In His Own Words
11:40 am	یسرنا القرآن
12:15 pm	گلشن وقف نو
1:15 pm	آؤ اردو سیکھیں
1:30 pm	آسٹریلین سروس
2:10 pm	سوال و جواب
3:00 pm	انڈونیشین سروس
4:00 pm	خطبہ جمعہ فرمودہ 17 جولائی 2015ء (سندھی ترجمہ)
5:05 pm	تلاوت قرآن کریم
5:30 pm	یسرنا القرآن
6:00 pm	فیتھ میٹرز
7:00 pm	بنگلہ پروگرام
8:00 pm	سپینش سروس
8:30 pm	In His Own Words
9:00 pm	پریس پوائنٹ
10:10 pm	یسرنا القرآن
10:35 pm	عالمی خبریں
10:55 pm	گلشن وقف نو

22 جولائی 2015ء

12:05 am	خطبہ جمعہ فرمودہ 17 جولائی 2015ء (عربی ترجمہ)
1:10 am	آؤ اردو سیکھیں
1:30 am	آسٹریلین سروس
2:00 am	پریس پوائنٹ
3:00 am	فیتھ میٹرز
4:00 am	سوال و جواب
5:00 am	عالمی خبریں
5:05 am	تلاوت قرآن کریم
5:15 am	In His Own Words
5:45 am	یسرنا القرآن
6:15 am	گلشن وقف نو
7:20 am	آؤ اردو سیکھیں
7:45 am	سٹوری ٹائم
8:15 am	پریس پوائنٹ
9:15 am	عید مبارک
9:50 am	لقاء مع العرب
11:00 am	تلاوت قرآن کریم
11:10 am	آؤ حسن یار کی باتیں کریں
11:30 am	الترتیل
12:00 pm	جلسہ سالانہ یوکے
1:15 pm	نعتیہ محفل
2:00 pm	اردو سوال و جواب 24 مئی 1997ء
3:15 pm	انڈونیشین سروس
4:15 pm	خطبہ جمعہ فرمودہ 17 جولائی 2015ء
5:20 pm	تلاوت قرآن کریم
5:30 pm	آؤ حسن یار کی باتیں کریں
6:00 pm	خطبہ جمعہ فرمودہ 2۔ اکتوبر 2009ء
7:05 pm	بنگلہ پروگرام
8:05 pm	دینی و فقہی مسائل
8:40 pm	کڈز ٹائم
9:10 pm	فیتھ میٹرز
10:10 pm	الترتیل
10:35 pm	عالمی خبریں
11:00 pm	جلسہ سالانہ یوکے

☆..................☆..................☆

تبرکات

سرور کائنات صلی اللہ علیہ وسلم کے حالات زندگی

از حضرت سید میر محمد اسحاق صاحب

نوٹ:

حضرت میر محمد اسحاق صاحب نے یہ سلسلہ مضامین شروع کیا تھا مگر مکمل نہیں ہوسکا۔صحابہ رسولؐ کی ہجرت حبشہ پر ختم ہو جاتا ہے۔جتنا حصہ 1939ء میں شائع ہوا تھا اسے پیش کیا جاتا ہے۔

احمدی والدین توجہ فرمائیں

چونکہ نوے فی صدی احمدی بچے انگریزی سکولوں میں تعلیم پاتے ہیں۔جہاں ہندوستان اور انگلستان کی تاریخ تو پڑھائی جاتی ہے۔مگر ہندوستان سے باہر کی اسلامی تاریخ کا کوئی کورس نہیں رکھا جاتا۔اس لئے باوجود (۔) اور پھر احمدی ہونے کے ہمارے بچوں کو اپنے سید ومولا سرور کائنات صلی اللہ علیہ وسلم کے حالات زندگی کا بالکل علم نہیں ہوتا۔اس نقص کو دور کرنے کے لئے میں اخبار ’’الفضل‘‘ میں ایک سلسلہ مضامین شروع کرنے کی خداتعالیٰ سے توفیق چاہتا ہوں جس سے انشاء اللہ تعالیٰ حضور علیہ السلام کے ولادت سے وفات تک مختصر اور ضروری حالات احمدی بچوں کو معلوم ہوسکیں گے۔میں ہر احمدی خاندان سے توقع رکھتا ہوں کہ وہ اپنے بچوں اور بچیوں کو یہ سلسلہ مضامین اچھی طرح پڑھائیں گے اور ان سے وقتاً فوقتاً امتحان لے کر اطمینان کرتے رہیں گے۔کہ ان کے بچوں کو حضور علیہ السلام کے حالات اچھی طرح یاد ہوں گے۔

حضور علیہ السلام کے حالات کا مختصر نقشہ

ذیل میں اس مضمون کی پہلی قسط پیش کی جاتی ہے۔

دنیا کے سب سے بڑے براعظم ایشیا کے جنوب مغرب میں عرب نام ایک جزیرہ نما ہے۔یہ ملک گیارہ لاکھ مربع میل ہے۔اس کا ایک صوبہ جو اس ملک کے مغربی حصہ میں بحر قلزم کے کنارے کنارے آباد ہے حجاز کے نام سے موسوم ہے۔اس صوبہ کا دارالحکومت مکہ نام ایک شہر ہے۔اس شہر میں 20 اپریل 570ء مطابق بارہ ربیع الاول عام الفیل کے سال ایک لڑکا پیدا ہوا جس کا نسب نامہ یہ ہے۔

محمد بن عبداللہ بن عبدالمطلب بن ہاشم بن عبد مناف اور والدہ کی طرف سے شجرہ نسب یوں ہے۔

محمد بن آمنہ بنت وہب بن عبد مناف بن زہرہ بن کلاب۔اس لڑکے کے والد اس کی پیدائش سے دو ماہ قبل فوت ہو چکے تھے۔اس لڑکے کے والد مکہ کے اور والدہ مدینہ کی جو کہ حجاز ہی کا ایک شہر ہے اور مکہ سے پونے تین سو میل جانب شمال ہے رہنے والے تھے۔اس لڑکے کی پیدائش ایران کے مشہور عادل بادشاہ نوشیروان کے زمانہ میں ہوئی تھی۔یہ لڑکا بڑا ہو کر خدا کا نبی ہوا۔اور ہم نے اسے قبول کیا۔ہمارا سردار کہلایا۔آئندہ ہم اپنے اس سردار کو حضور یا حضور علیہ السلام کہہ کر پکاریں گے۔

حضور کے دادا عبدالمطلب نے حضور کا نام محمد رکھا۔یعنی وہ شخص جس کی بہت تعریف کی گئی ہو۔حضور نے چند روز اپنی والدہ کا دودھ پیا۔پھر اپنے چچا ابولہب کی آزاد کردہ لونڈی ثویبہ کا دودھ پیا۔پھر حلیمہ نام ایک عورت جو بنوسعد قبیلہ کی تھی آپ کی دودھ پلائی مقرر ہوئی۔اور وہ آپ کو اپنے ہمراہ اپنے قبیلہ میں لے گئی۔دو سال کے بعد حلیمہ حضور کو واپس مکہ میں لائی اور حضور کی والدہ کی اجازت سے پھر آپ کو اپنے قبیلہ میں لے گئی۔اور چار سال تک حضور حلیمہ سعدیہ کے گھر میں رہے۔حلیمہ کا عبداللہ نام لڑکا حضور کا دودھ بھائی تھا۔جب تک حضور حلیمہ کے گھر رہے حلیمہ کا گھر برکتوں سے بھرا ہوا تھا۔چار سال کی عمر سے چھ سال تک حضور اپنی والدہ کے پاس رہے۔چھٹے سال وہ آپ کو لے کر مدینہ میں جو ان کا میکہ تھا گئیں۔وہاں سے واپسی پر وہ ابواء مقام پر فوت ہو کر وہاں ہی دفن ہوئیں اس سفر میں ام ایمن نام حضور کے والد کی ایک لونڈی ہمراہ تھی۔حضور کی والدہ کی وفات پر یہ لونڈی حضور کو مکہ میں واپس لائی اور حضور اپنے دادا کی زیر نگرانی پرورش پانے لگے۔حضور آٹھ برس کے تھے کہ حضور کے دادا عبدالمطلب جو مکہ کے سب سے بڑے رئیس تھے فوت ہوگئے۔

عبدالمطلب کے بارہ بیٹے یعنی حضور کے گیارہ چچا تھے۔دادا کی وفات کے بعد حضور کی پرورش حضور کے چچا ابو طالب نے جو حضرت علی کے والد تھے شروع کی۔نو سال کی عمر میں حضور اپنے چچا ابو طالب کے ہمراہ ملک شام میں گئے جہاں ابو طالب تجارت کرنے کے لئے ایک قافلہ میں شامل ہو کر جا رہے تھے۔حضور نے لکھنا پڑھنا نہیں سیکھا اور نہ حضور نے حساب کی تعلیم پائی لیکن ہمیں پڑھنا لکھنا اور حساب کا علم ضرور سیکھنا چاہئے کیونکہ وعلمك...... کہہ کر اللہ تعالیٰ قرآن مجید میں فرماتا ہے کہ اے نبی ہم نے خود تجھے علوم سکھا دیئے۔پس حضور کو لکھنے پڑھنے اور حساب سیکھنے کے بغیر ساری مفید اور ضروری معلومات حاصل ہوگئیں اور یہ حضور کی خصوصیت ہے کہ حضور کو پڑھنے کے بغیر ساری باتیں معلوم ہو گئیں۔مگر ہمارے ساتھ خدا کا یہ دستور نہیں۔ہمارے لئے ضروری ہے کہ ہم لکھنے پڑھنے کے ذریعہ کتابوں سے ضروری علوم حاصل کریں جیسا کہ خود حضور علیہ السلام نے فرمایا......یعنی علم پڑھنا ہر (۔) مرد اور عورت پر فرض ہے۔

(روزنامہ الفضل 18 مارچ 1939ء)

حضور بیس برس کے تھے کہ حرب الفجار نام لڑائی میں شریک ہوئے مگر حضور لڑے نہیں بلکہ اپنے چچاؤں کو تیر پکڑاتے تھے۔یہ لڑائی قریش اور اس کے حلیفوں اور قیس اور اس کے حلیفوں کے درمیان نخلہ نام مقام پر جو مکہ اور طائف کے درمیان ہے ہوئی تھی قریب تھا کہ قیس کو شکست ہو جاتی مگر آپس میں صلح ہوگئی۔

جب حضور پچیس سال کے قریب ہوئے تو حضور کی امانت و دیانت دیکھ کر خدیجہ بنت خویلد نے جو قبیلہ بنی اسد کی ایک مالدار معزز بیوہ تھیں۔اپنا تجارتی مال دے کر اور اپنے غلام میسرہ کو حضور کے ہمراہ کر کے حضور کو ملک شام کی طرف بھیجا۔اس سفر میں حضور کی برکت سے بڑا نفع ہوا۔جب حضور واپس آئے تو حضور کی شادی حضرت خدیجہ سے ہوئی۔حضرت خدیجہ کی عمر چالیس سال کی اور حضور کی پچیس سال کی تھی۔مہر پانچ سو درہم مقرر ہوا۔حضرت خدیجہ کے بطن سے قاسم، طاہر اور طیب نام تین صاحبزادے اور زینب، رقیہ، ام کلثوم اور فاطمہ نام چار صاحبزادیاں پیدا ہوئیں۔قاسم کی وجہ سے حضور کی کنیت ابوالقاسم تھی۔

جب حضور 35 سال کے ہوئے تو خانہ کعبہ کی عمارت کو بسبب گر جانے کے قریش دوبارہ بنانے لگے۔جب حجر اسود رکھنے کا موقع آیا تو قریب تھا کہ قبائل آپس میں لڑ پڑیں کیونکہ کوئی قبیلہ نہ چاہتا کہ حجر اسود کو اٹھا کر دیوار میں اس کی جگہ رکھنے کا شرف کسی اور قبیلہ کو مل جائے اس پر کئی روز تعمیر کے بند رہنے کے بعد یہ تجویز ہوا کہ جو شخص کل اس وقت سب سے پہلے یہاں آئے اس کا فیصلہ منظور کیا جائے۔خدا کی قدرت کہ سب سے پہلے حضور تشریف لائے جس پر سب لوگ پکار اٹھے کہ امین! امین! یعنی یہ شخص جو فیصلہ بھی کرے گا وہ امانت و دیانت پر مبنی ہوگا حضور نے اپنی چادر بچھائی اور اس پر حجر اسود رکھا اور پھر تمام قبیلوں کے سرداروں نے چاروں طرف سے اس چادر کو پکڑا اور جس جگہ وہ پتھر رکھا جانا تھا اٹھا کر لائے۔پھر حضور نے اٹھا کر اس کی جگہ پر رکھ دیا اور اس طرح حضور کے حسنِ تدبر سے اللہ تعالیٰ نے لڑائی کی وہ آگ جو بھڑک کر تمام ملک کے امن کو تہ وبالا کرنے والی تھی بجھادی۔

پھر جب حضور چالیس برس کے قریب پہنچنے لگے تو حضور کے دل میں لوگوں سے الگ رہنے کی خواہش روز بروز زیادہ ہوتی گئی اس لئے حضور پانی اور کھجوریں لے کر مکہ سے تین میل کے فاصلہ پر حراء نام غار میں جا کر کئی کئی روز رہتے۔اور جب توشہ ختم ہو جاتا تو پھر پانی اور کھجوریں لینے کے لئے واپس گھر تشریف لے آتے۔انہی ایام میں سچی خوابوں کا سلسلہ شروع ہوا۔پھر جب حضور پورے چالیس برس کے ہوئے تو ایک روز جبریل فرشتہ انسانی شکل میں حضور کے پاس آیا اور کہا کہ اقرء یعنی پڑھ آپ نے کہا کہ ما انا بقارئ یعنی میں پڑھ نہیں سکتا یا یہ کہ میں نہیں پڑھتا۔اس پر اس فرشتہ نے حضور کو اپنے سینے سے لگا کر زور سے بھینچا۔پھر چھوڑ کر کہا کہ اقرء آپ نے پھر وہی جواب دیا۔فرشتے نے پھر بھینچا اور پھر بھینچا اور پھر چھوڑ کر کہا کہ اقرء آپ نے پھر وہی جواب دیا اس پر پھر اس نے نہایت زور سے بھینچ کر چھوڑا اور پھر سورۃ علق کی پہلی پانچ آیتیں حضور پر نازل کیں جن کا حاصل مطلب یہ ہے۔

(1) خدا کا نام لے کر لوگوں کو قرآن مجید سنانا شروع کر۔(2) اسی خدا کے نام سے جس نے انسان کو خون کے ایک لوتھڑے سے پیدا کیا۔(3) تو لوگوں کو قرآن سنا تیرا خدا بڑا معزز ہے وہ تجھے دنیا میں عزت دے گا۔(4) اسی خدا کے نام سے جس نے دنیا کے لوگوں کو قلم کے ذریعہ علوم سکھائے۔(5) خدا انسان کو وہ کچھ سکھاتا ہے جو انسان کے علم میں نہیں ہوتا۔وہ خدا تجھے بھی قلم کے واسطہ کے بغیر تمام علوم سکھا دے گا۔

حضور ان پانچ آیات کو لے کر گھر آئے۔آپ کا دل اور مونڈھوں کے پٹھے کانپتے تھے۔آپ نے فرمایا مجھے کپڑا اوڑھا دو حضرت خدیجہ نے حضور پر کپڑا اوڑھا دیا جب حضور اٹھے تو حضرت خدیجہ کو تمام واقعہ سنایا اور کہا لقد خشیت علی نفسی یعنی اے خدیجہ خدا تو سچے وعدوں والا ہے مگر میں اپنی طبیعت سے ڈرتا ہوں کہ کہیں میں اس کام کو نبھا نہ سکوں۔اس پر حضرت خدیجہ نے عرض کیا۔اللہ آپ کو ہرگز شرمندہ اور ذلیل نہ کرے گا کیونکہ آپ رشتہ داروں کے حقوق ادا کرتے ہیں گروں پڑوں کا بوجھ اٹھاتے ہیں مہمان نوازی کرتے ہیں۔امانت ادا کرتے ہیں سچ اور حق کی باتوں میں سب کی مدد کرتے ہیں۔بلکہ آپ وہ نیکیاں بھی کرتے ہیں جو لوگوں میں معدوم ہو چکی ہیں۔پھر حضرت خدیجہ حضور کو اپنے چچا زاد بھائی ورقہ بن نوفل کے پاس لے گئیں۔جو عیسائی ہو چکا اور بائیبل کا عالم تھا اور اب بوڑھا اور نابینا ہو چکا تھا۔اس نے حضور سے تمام کیفیت سن کر کہا کہ آپ کے پاس وہی فرشتہ غار حرا میں آیا تھا جو موسیٰ علیہ السلام پر وحی لاتا تھا اور کہا کہ کاش میں اس وقت تک زندہ رہوں۔جبکہ آپ کی قوم آپ کو یہاں سے نکال دے گی۔آپ نے تعجب سے فرمایا کہ کیا مجھے نکال دیں گے۔اس نے کہا جو بندہ خدا بھی آپ کی طرح آیا اس کی قوم نے اس سے عداوت کی اور اگر میں زندہ رہا تو میں آپ کی پوری پوری مدد کروں گا۔مگر چند روز کے بعد ورقہ کا انتقال ہوگیا۔

(روزنامہ الفضل 25 مارچ 1939ء)

پہلی وحی کے بعد کچھ عرصہ تک وحی رکی رہی۔پھر حضور پر یہ وحی اتری...... (1) اے کپڑا اوڑھنے والے (2) اٹھ اور لوگوں کو کفر اور شرک سے ڈرا۔(3) اور اپنے رب کی بڑائی کر (4) اور اپنا ظاہر وباطن پاک رکھ (5) اور شرک، کفر کی پلیدیوں کو ملک سے دور کردے۔اس کے بعد وحی لگاتار جاری ہوگئی۔

انفرادی تبلیغ

پہلے پہلے حضور نے بجائے عام اعلان کے اپنے ملنے والوں کو فرداً فرداً تبلیغ شروع کی سب سے پہلے حضرت خدیجہ، حضرت علی، حضرت ابوبکر اور آپ کے آزاد کردہ غلام زید بن حارثہ مسلمان ہوئے۔ پھر حضرت ابوبکر کے اثر اور تبلیغ سے چند روز کے اندر ہی اندر حضرت عثمان، حضرت عبدالرحمٰن بن عوف، سعد بن ابی وقاص، زبیر اور طلحہ نے اسلام قبول کیا اور پھر بعض غلام اور غریب اور آزاد لوگوں نے اسلام قبول کرنا شروع کیا۔

تبلیغ عام

پہلے تین سال تبلیغ انفرادی طور پر تھی کفار بھی زیادہ مخالفت نہ کرتے تھے۔ کیونکہ وہ اس نئے مذہب کو اہمیت نہ دیتے تھے اور سمجھتے تھے یہ دین پھیلنے والا نہیں لیکن تین سال کے بعد حضور کو الہام ہوا فاصدع بما تومر یعنی احکام الٰہی کو خوب کھول کر ساری دنیا تک پہنچا دو نیز الہام ہوا...... یعنی اے نبی اپنے قریبی رشتہ داروں کو ڈرا اور بدانجام سے خوف دلا اس پر حضور نے صفا پہاڑی پر چڑھ کر تمام قبیلوں کو عام طور پر اور اپنے قریبی رشتہ داروں کو نام بنام پکارا۔ اور جب سب جمع ہو گئے تو فرمایا کہ اگر میں تمہیں کہوں کہ اس پہاڑی کی دوسری طرف ایک لشکر جرار تم پر حملہ آور ہونے کے لئے تیار ہے تو کیا تم میری تصدیق کرو گے۔ تو انہوں نے کہا کہ یقیناً کیونکہ ہم نے تجھے ہمیشہ صادق القول پایا۔ اس پر حضور نے فرمایا تو سن لو کہ میں تمہیں خدا کے عذاب سے ڈراتا ہوں۔ اس پر سب نے حضور پر ہنسی اڑائی اور حضور کو جھٹلایا اور آپ کے سگے چچا ابولہب نے سختی سے بُرا بھلا کہا۔ اسی طرح حضور نے اپنے خاندان کے کم وبیش چالیس آدمیوں کی دعوت کی مگر وہ کھانا کھا کر تبلیغ سننے سے قبل منتشر ہو گئے۔ اس کے بعد پھر دعوت کی اور کھانے سے قبل انہیں تبلیغ کی مگر وہ سب ہنسی کرنے لگے۔

تکالیف کا آغاز

شروع میں حضور اور حضور کے صحابہ زید بن ارقم کے گھر جمع ہوتے اور وہاں ہی نماز پڑھتے۔ وہاں ہی مشورہ کرتے۔ آپس میں مل جل کر بیٹھتے اور اب جبکہ علی الاعلان اسلام کی تبلیغ شروع ہوئی اور لوگ بھی روز بروز اسلام میں داخل ہونے لگے تو مکہ کے کفار نے اس معاملہ کو اہمیت دینی شروع کی۔ اور لگے مسلمانوں اور حضور کو تکلیفیں دینے مگر آپ کے پڑدادا ہاشم کی اولاد یعنی بنو ہاشم اور ہاشم کے بھائی مطلب کی اولاد یعنی بنو مطلب کے خاندان باوجود اس کے کہ اکثر افراد کافر تھے۔ حضور کو دشمنوں کی شرارتوں سے بچاتے بالخصوص آپ کے چچا ابوطالب ہر وقت آپ کی حفاظت میں لگے رہتے تھے۔ ہاں آپ کا سگا چچا ابولہب آپ کا سخت مخالف تھا۔ دین اسلام کی ترقی کو دیکھ کر ایک دفعہ قریش نے ابوطالب سے کہا کہ یا تو اپنے بھتیجے کو اس نئے دین کی اشاعت سے روک دیں۔ ورنہ اس کی حمایت سے دستکش ہو جائیں تا کہ ہم خود اس سے فیصلہ کر لیں۔ ابو طالب نے انہیں نرمی سے باتیں کر کے واپس کر دیا مگر چند روز کے بعد پھر ایک وفد آیا کہ اب ہم برداشت نہیں کر سکتے کیونکہ ہمارے معبودوں کو جہنم کا ایندھن اور ہمیں بے وقوف قرار دیا جاتا ہے اگر آپ اپنے بھتیجے کی حمایت سے دست بردار نہ ہوں گے تو پھر ہم بھی مقابلہ کرنے پر مجبور ہیں۔ ابو طالب ڈر گئے اور حضور کو علیحدگی میں بلایا اور کہا کہ اے بھتیجے اگر تو نے اپنا رویہ نہ بدلا اور اپنی تبلیغ بند نہ کی تو میں ساری قوم کے مقابلہ کی طاقت نہیں رکھتا۔ اس پر حضور نے فرمایا اے چچا اگر یہ لوگ میرے داہنے ہاتھ پر سورج اور بائیں ہاتھ پر چاند رکھ دیں تو بھی اپنے فرض کو چھوڑ نہیں سکتا۔ اور میں اپنے کام میں لگا رہوں گا یہاں تک کہ خدا اسے پورا کرے یا میں اس کوشش میں ہلاک ہو جاؤں اور اے چچا آپ بے شک مجھے اپنی پناہ میں رکھنے سے دست بردار ہو جائیں مگر میں احکام الٰہی کے پہنچانے سے کبھی نہ رکوں گا۔ اس پر ابو طالب رو پڑے اور کہا کہ اے میرے بھتیجے جا اور اپنے کام میں لگا رہ۔ جب تک میں زندہ ہوں اور جہاں تک میری طاقت ہے میں تیرا ساتھ دوں گا۔

اب مکہ میں مسلمانوں اور کافروں کے درمیان خوب کشمکش شروع ہوئی مسلمان تھوڑے اور کمزور تھے۔

صحابہ کی دردناک تکالیف

ہر قبیلہ اور خاندان کے کافروں نے اپنے اپنے قبیلہ اور خاندان کے مسلمانوں کو مارنا پیٹنا اور دکھ دینا شروع کیا حضرت عثمان کو ان کے چچا رسّی سے باندھ کر پیٹتے مگر وہ اُف تک نہ کرتے حضرت زبیر کو ان کا چچا چٹائی میں لپیٹ کر آگ جلا کر ناک میں دھواں دیتا۔ سعید بن زید کو حضرت عمر اپنے اسلام لانے سے قبل چھاتی پر چڑھ کر زدوکوب کرتے۔ بلال کو ان کا مالک گرمیوں میں دوپہر کو تپتی ریت پر لٹا کر گرم پتھر چھاتی پر رکھتا اور اپنے بچوں سے کہتا کہ اسے گلیوں میں گھسیٹتے پھرو۔ وہ بے ہوش ہو جاتے مگر جب ہوش آتا احد احد کہتے یعنی خدا ایک ہے ایک ہے۔ غرض کوئی شخص کفار کے ظلموں سے محفوظ نہ رہا۔

رسول کریم ﷺ پر کفار کے مظالم

خود آنحضرت ﷺ پر قریباً روزانہ خاک ڈالی جاتی۔ حضور کو مذمم اور ابتر کے نام سے یاد کیا جاتا۔ حضور خانہ کعبہ کے سامنے نماز پڑھ رہے تھے کہ عقبہ بن ابی معیط نے گلے میں کپڑا ڈال کر اس زور سے گھونٹا کہ حضور کا دم رک گیا۔ اور حضرت ابوبکر نے دوڑ کر اسے دھکا دے کر حضور کو چھڑایا۔ اور اسے کہا اتقتلون رجلاً ان یقول ربی اللّٰہ یعنی کیا تم ایک شخص کو محض اس جرم میں قتل کرتے ہو کہ وہ کہتا ہے میرا رب اللہ ہے۔ ایک دفعہ آپ کو بچانے کے لئے حضرت خدیجہ کا بیٹا حارث آگے بڑھا تو کفار نے تلوار چلا کر اس ہونہار جوان کو اسی جگہ ڈھیر کر دیا۔

اسی طرح ایک دفعہ حضور مسجد الحرام میں سجدہ میں تھے کہ ابوجہل وغیرہ کے اشارہ سے ایک بدبخت نے ایک ذبح شدہ اونٹنی کی اوجھڑی اور بچہ دان غلاظت سمیت آپ کی پیٹھ پر ڈال دیئے اور خود اوباشوں کی طرح ہنستے اور تمسخر کرتے رہے یہاں تک کہ حضرت فاطمہؓ بھاگی ہوئی آئیں اور آپ کی پیٹھ سے وہ غلاظت دور کی۔

ہجرت حبشہ

غرض جب کفار کی ایذا حد سے بڑھ گئی تو حضور ﷺ نے اعلان کیا کہ جو مسلمان جا سکتا ہے وہ ملکِ حبش میں اَصحمہ نام ایک عادل عیسائی بادشاہ کی پناہ میں جس کا لقب نجاشی تھا جا سکتا ہے اس پر دعویٰ نبوت کے پانچویں سال گیارہ مرد اور چار عورتوں نے حبشہ کی طرف ہجرت کی۔ جس میں حضرت عثمانؓ اور ان کی زوجہ حضرت رقیہ بھی جو حضور علیہ السلام کی صاحبزادی تھیں شامل تھے۔ ان مہاجرین کا کفار مکہ نے پیچھا کیا مگر وہ جہاز میں بیٹھ کر عرب سے نکل چکے تھے۔ اس کے چند ماہ بعد ایک غلط افواہ کی وجہ سے ان میں سے اکثر مہاجرین واپس مکّہ کو لوٹ آئے مگر جلد ہی ان میں سے بہت سے لوگوں کو دوبارہ حبشہ جانا پڑا اس کے بعد حبشہ کی ہجرت کا سلسلہ تیزی سے شروع ہو گیا اور جس کو موقع ملتا وہ مکہ سے روپوش ہو کر حبشہ پہنچ جاتا۔ اس طرح سے ایک سو سے زائد صحابہ حبشہ میں پہنچ گئے۔ یہ دیکھ کر کفار مکّہ نے عمرو بن العاص اور عبداللہ بن ربیعہ نام دو ہوشیار سرداروں کو اپنا سفیر بنا کر حبشہ میں بھیجا۔ ان سرداروں نے نجاشی اور اس کے درباریوں کے لئے مکہ کے تحائف جو زیادہ تر چمڑے کے سامان کی صورت میں تھے اپنے ساتھ لئے اور نجاشی کی خدمت میں پیش ہونے سے قبل اس کے درباریوں کو تحائف دیئے اور انہیں تیار کر لیا کہ وہ بادشاہ کے سامنے ان کی سفارش اور تائید کریں گے پھر بادشاہ کے دربار میں پیش ہو کر پہلے تحائف نذر گزارے۔ پھر عرض کی کہ حضور ہماری قوم میں سے چند بے وقوف اپنا آبائی مذہب چھوڑ کر اور ایک نیا دین نکال کر اپنی قوم میں فتنہ وفساد کی آگ بھڑکا کر آپ کے ملک میں بھاگ کر آ گئے ہیں۔ ہماری درخواست ہے حضور ان کو ہمارے ہمراہ بھیج دیں۔ درباریوں نے ان کی تائید کی۔

نجاشی بادشاہ حبشہ سے گفتگو

بادشاہ نے کہا کہ یہ لوگ میری پناہ میں ہیں میں بغیر اُن سے جواب سننے کے ان کو تمہارے ساتھ نہیں بھیج سکتا۔ چنانچہ مسلمان دربار میں بلائے گئے۔ اور بادشاہ نے ان سے جواب طلب کیا۔ اس پر حضرت جعفر جو حضرت علیؓ کے سگے بھائی تھے آگے بڑھے اور تقریر کی کہ اے بادشاہ ہم جاہل تھے بُت پرست تھے۔ مردار تک کھا جاتے تھے۔ بدکار تھے۔ قطع رحمی کرتے تھے۔ پڑوسیوں سے بدمعاملگی کرتے تھے۔ ہم میں سے مضبوط اپنے سے کمزور کا حق دبا لیا کرتا تھا۔ کہ اچانک اللہ تعالیٰ نے اپنا ایک رسول بھیجا۔ جس کی حسب ونسب کی شرافت کو ہم خوب جانتے ہیں اور اس کے صدق وامانت کے ہم تجربہ کار ہیں اس نے ہم کو خدا کی وحدانیت کی طرف بلایا بُت پرستی سے روکا۔ امانت ادا کرنے صلہ رحمی کرنے اور ہمسایوں سے اچھا سلوک کرنے کا حکم دیا۔ بدکاری، جھوٹ اور یتیموں کے مال کھانے سے روکا اور قتل وغارت سے منع کیا۔ ہم اس پر ایمان لائے اس کی پیروی کی اس وجہ سے ہماری قوم ہم پر ناراض ہو گئی۔ اس نے ہمیں مصیبتوں اور دُکھوں میں ڈالا اور ہم کو طرح طرح کے عذاب دیئے اور ہم کو سچے دین سے جبراً روکنا چاہا۔ یہاں تک ہم مجبور ہو کر اے بادشاہ! اپنے وطن سے نکل کر تیرے ملک میں پناہ کے لئے تیرے سایہ میں آ گئے۔ بادشاہ اس تقریر سے نہایت متاثر ہوا اور حضرت جعفرؓ سے فرمائش کی کہ جو کلام تم پر اُترا ہے وہ مجھے سناؤ۔

نجاشی پر اثر

حضرت جعفرؓ نے نہایت دردانگیز لہجے اور خوش الحانی سے سورۃ مریم کی ابتدائی آیتیں سنائیں۔ جسے سن کر نجاشی زار زار رونے لگا اور اس کی داڑھی آنسوؤں سے تر ہو گئی اور اس نے نہایت رقت سے کہا کہ خدا کی قسم یہ کلام اور مسیح کا کلام ایک ہی منبع سے نکلے ہیں پھر کفار مکہ کے سفیروں کے تحائف واپس کر دیئے اور صاف کہہ دیا کہ میں ان لوگوں کو تمہارے ہمراہ نہیں بھیجوں گا۔

دوسرے دن عمرو بن العاص بادشاہ کے دربار میں کسی طرح رسائی حاصل کر کے پھر جا پہنچا اور عرض کیا کہ حضور آپ کو یہ بھی معلوم ہے کہ ہماری قوم کے یہ بھاگے ہوئے لوگ مسیح ابن مریم کو گالیاں دیتے ہیں اس پر پھر نجاشی نے حضرت جعفرؓ اور ان کے ساتھیوں کو دربار میں بلایا اور پوچھا کہ تم مسیح کے بارے میں کیا اعتقاد رکھتے ہو۔ حضرت جعفرؓ نے نہایت دلیری سے کہا کہ اے بادشاہ مسیح ابن مریم خدا کا ایک مقرب بندہ اور اس کا رسول ہے۔ وہ خدا نہیں ہاں وہ کلمۃ اللہ ہے۔ جو خدا کے حکم سے مریم مقدسہ کے پیٹ میں ڈالا گیا۔

نجاشی نے یہ سن کر ایک تنکا اٹھایا اور کہا خدا کی قسم جو کچھ تم نے بیان کیا میں مسیح کو اس سے اس تنکے کے برابر بھی بڑا نہیں سمجھتا اس پر اس کے عیسائی درباری بہت برانگیختہ ہوئے مگر بادشاہ نے ذرہ بھی پرواہ نہ کی اور قریش کے وفد کو خائب وخاسر واپس کر دیا اور مسلمان مہاجر نہایت امن وآسائش سے اس کے سایہ میں زندگی بسر کرنے لگے۔

(روزنامہ الفضل 6۔ اپریل 1939ء)

☆............☆............☆

حضرت مولوی حسن علی صاحب

امریکہ میں احمدیت کی تاریخ کا ایک ورق

امریکہ کے شہر ہڈسن علاقہ نیویارک میں 1846ء میں ایک شخص پیدا ہوا جس کا نام الیگزینڈر رسل ویبؔ رکھا گیا۔ اس شخص کا باپ ایک نامی و مشہور اخبار کا ایڈیٹر و مالک تھا۔ ویبؔ صاحب نے کالج میں پوری تعلیم پائی اور اپنے باپ کے نقش قدم پر چل کر ایک ہفتہ وار اخبار جاری کیا۔ ویب صاحب کی لیاقت علمی، طرز تحریر کا شہرہ دور دور ہوا تو روزنامہ ’’سینٹ جوزف مسوری ڈیلی گزٹ‘‘ کا ایڈیٹر بننے کی پیشکش ہوئی۔ پھر اس کے بعد کئی اخبارات کی ادارت آپ کے سپرد ہوتی رہی۔ جس اخبار کے ویبؔ صاحب ایڈیٹر رہے وہ امریکہ کا دوسرا بڑا اخبار تھا۔ آپ کی لیاقت کے اعتراف میں بعد ازاں آپ کو فلپائن میں امریکہ کا سفیر مقرر کیا گیا۔

1872ء میں مسٹر ویبؔ نے دین عیسوی کو ترک کر دیا۔ انہوں نے دیکھا کہ عیسائی مذہب سراسر خلاف عقل و عدل ہے۔ کئی برس تک ویبؔ صاحب کا کوئی دین نہ تھا لیکن ان کو ایک قسم کی بے چینی تھی چنانچہ مختلف ادیان پر غور کرتے رہے۔ پہلے بُدھ مذہب کی کامل تحقیقات کی لیکن اس مذہب کو تشفی بخش نہ پایا۔ اسی زمانہ میں حضرت مرزا غلام احمد صاحب مجدد زمان کے انگریزی اشتہارات کی یورپ و امریکہ میں خوب اشاعت ہو رہی تھی۔ ویبؔ صاحب نے اس اشتہار کو دیکھا اور مرزا صاحب سے خط و کتابت شروع کی جس کا آخری نتیجہ یہ ہوا کہ ویبؔ صاحب نے دین حق قبول کر لیا۔

حضرت حاجی عبداللہ عرب صاحب ایک میمن تاجر تھے جو پہلے کلکتہ میں تجارت کرتے تھے اور جب اللہ تعالیٰ نے لاکھ دو لاکھ کی پونجی کا ان کو سامان کر دیا تو ہجرت کر کے مدینہ میں جا بسے۔ وہاں باغوں کے بنانے میں بہت کچھ صرف کیا۔ بہت عمدہ باغ تیار تو ہو گئے لیکن عرب کے بدوؤں کے ہاتھوں پھل ملنا مشکل تھا۔ آخر بیچارے پریشانی میں مبتلا ہوئے اور جدہ میں مختصر پونجی سے تجارت شروع کر دی۔ بمبئی سے تجارتی تعلق ہونے کی وجہ سے ہندوستان بھی کبھی آ جاتے۔ آپ ایک نہایت اعلیٰ درجہ کے مومن اور مادرزاد ولی تھے۔ مثل بچوں کے دل گناہوں سے پاک و صاف، خدا پر بہت ہی بڑا توکّل، ہمت نہایت بلند، مجھ کو آپ کے ساتھ رہنے کا عرصہ تک موقعہ ملا۔ اگر میں ان کی روحانی خوبیوں کو لکھوں تو بہت طول ہو جائے گا۔ مکہ معظّمہ میں نہر زبیدہ کی اصلاح کے لئے قریب چار لاکھ روپیہ چندہ عبداللہ عرب صاحب کی کوشش سے ہی جمع ہوا تھا۔

عبداللہ عرب صاحب نے جب الیگزینڈر رسل ویب سفیر امریکہ کے مسلمان ہونے کا حال سنا تو فوراً انگریزی میں خط لکھوا کر ویبؔ صاحب کے پاس روانہ کیا۔ ویبؔ صاحب نے بھی ویسی ہی گرمجوشی کے ساتھ جواب دیا اور خواہش ظاہر کی کہ اگر آپ کسی طرح منیلا (فلپائن) آ سکتے تو امریکہ میں اشاعت دین کے کام میں کچھ صلاح و مشورہ کیا جاتا۔ حاجی عبداللہ عرب صاحب کو حضرت سید رشہد الدین جھنڈے والے سے بیعت ہے۔ جب کوئی اہم کام درپیش ہوتا ہے تو آپ اپنے پیرو مرشد سے ضرور صلاح و مشورہ لیتے ہیں۔ چنانچہ آپ نے جب اپنے مرشد سے منیلا جانے کے بارے میں استفسار کیا تو حضرت پیر صاحب نے استخارہ کیا اور کہا کہ ضرور جاؤ، اس سفر میں کچھ خیر ہے۔ عبداللہ عرب نے مجھ کو خط لکھا کہ مَیں بھی منیلا چلوں کیونکہ آپ انگریزی نہیں جانتے اور ویبؔ صاحب اُردو نہیں جانتے اس لئے ایک مترجم ضروری ہے۔

مَیں اُس زمانہ میں کٹک میں تھا۔ کلکتہ میں حاجی صاحب میرا انتظار کرتے رہے مگر مسلمانان کٹک نے مجھ کو جلد رخصت نہ دی۔ آخر وہ ایک یوریشین نومسلم کو لے کر منیلا چلے گئے۔ اس سفر میں حاجی صاحب کا ہزار روپیہ سے زیادہ صرف ہوا۔

ویبؔ صاحب سے ملاقات ہوئی تو یہ بات طے پائی کہ ویبؔ صاحب سفارت کے عہدہ سے استعفیٰ دیدیں اور حاجی عبداللہ عرب صاحب امریکہ میں اشاعت دین کے لئے چندہ جمع کریں۔ حاجی صاحب نے ہندوستان واپس آ کر مجھ سے ملاقات کی اور میرے ذریعہ سے ایک جلسہ حیدر آباد میں منعقد ہوا جس میں چھ ہزار چندہ بھی جمع ہوا۔ مَیں نے حاجی صاحب سے کہہ دیا کہ ویبؔ صاحب کو اُس وقت تک عہدہ سے علیحدہ ہونے کو نہ لکھیں جب تک چندہ پورا جمع نہ ہو لے۔ لیکن حاجی صاحب نے اپنے جوش میں میری نہ سنی اور بمبئی سے تار دیا کہ سب ٹھیک ہے، نوکری سے استعفیٰ داخل کر دو۔ چنانچہ ویبؔ صاحب ہندوستان آئے۔ مَیں بمبئی سے ساتھ ہوا۔ بمبئی، پونہ، حیدر آباد میں ویبؔ صاحب نے مجھ سے کہا کہ جناب مرزا غلام احمد صاحب کا مجھ پر بڑا احسان ہے، اُنہی کی وجہ سے میں مشرف بہ دین ہوا۔ مَیں اُن سے ملنا چاہتا ہوں۔ مرزا صاحبؑ کی بدنامی وغیرہ کا جو قصہ میں نے سنا تھا اُن کو سنایا۔ ویبؔ صاحب نے حضرت مرزا صاحب کو ایک خط لکھوایا۔ جس کا جواب آٹھ صفحہ کا حضرتؑ نے لکھ کر بھیجا اور مجھ کو لکھا کہ لفظ بہ لفظ ترجمہ کر کے ویبؔ صاحب کو سنا دینا۔ چنانچہ میں نے ایسا ہی کیا۔ ویبؔ صاحب نہایت شوق و ادب کے ساتھ حضرت اقدس کا خط سنتے رہے۔ خط میں حضرت نے اپنے اس دعویٰ کو مع دلیل کے لکھا تھا۔ پنجاب کے علماء کی مخالفت اور عوام میں شورش کا تذکرہ تھا۔ حضرت نے یہ بھی لکھا تھا کہ مجھ کو بھی تم سے (یعنی ویبؔ صاحب سے) ملنے کی بڑی خواہش ہے۔

ویبؔ صاحب، حاجی عبداللہ عرب صاحب اور میں نے غور کر کے فیصلہ کیا کہ ایسے وقت میں کہ ہندوستان میں چندہ جمع کرنا ہے مصلحت نہیں ہے کہ ایک ایسے بدنام شخص سے ملاقات کر کے اشاعت دین کے کام میں نقصان پہنچایا جائے۔ اب اس بدفیصلہ پر افسوس آتا ہے۔

ویبؔ صاحب لاہور گئے تو اسی خیال سے قادیان نہ گئے لیکن بہت بڑے افسوس کی بات یہ ہوئی کہ ایک شخص نے ویبؔ صاحب سے پوچھا کہ آپ قادیان حضرت مرزا صاحب کے پاس کیوں نہیں جاتے تو انہوں نے یہ گستاخانہ جواب دیا کہ قادیان میں کیا رکھا ہے!۔ لوگوں نے ویبؔ صاحب کے اس نامعقول جواب کو حضرت اقدس تک بھی پہنچا دیا۔

